# منصب کے امور اور اہلیت

(Job Description & Specification)

| JOB/KKJTMB/01 | | | |
|---|---|---|---|
| کام کرنے کی جگہ (Workplace) | پاکستان | پاکستان سطح کا ذیلی شعبہ | خود کفالت (جامعۃ المدینہ (Boys)) |
| منصب (Designation) | نگران ذیلی شعبہ | جوابدہ (Report to) | نگران مجلس (پاکستان) |
| کام (Function) | جامعۃ المدینہ (Boys) میں ہونے والے جملہ اخراجات کو خود کفیل کرنا | ماتحت اسٹاف (Subordinate Staff) | صوبائی و ڈویژن ذمہ دار |

## منصب کے کام - Job Description

1. شعبے کے تمام کاموں کی نگرانی (Supervision) کرنا اور نگران مجلس (پاکستان) کو مکمل معاونت و معلومات (Information) فراہم کرنا۔
2. ذیلی شعبے کی تمام سطحوں پر اہل، تجربہ کار اور تنظیمی طور پر مضبوط ذمہ داران کا تقرر کرنا اور مؤثر رہنمائی کے ذریعے ان سے کام لینا نیز تقرری کا ہر ماہ جائزہ لینا۔
3. جدول سافٹ ویئر میں پیشگی و عملی جدول انٹر کرنا، پیشگی جدول بنانے میں ماتحتوں کی رہنمائی کرنا اور جدول چیک کرنا۔
4. طے شدہ نظام کے مطابق مدنی مشورے کرنا، مدنی مشوروں میں تیاری کیساتھ اول تا آخر شرکت کرنا اور طے ہونے والے مدنی پھولوں کے اَہداف مکمل کرنا/کروانا۔
5. فنانس ڈیپارٹمنٹ کی معاونت سے سالانہ بجٹ بنوانا اور ماہانہ کی بنیاد پر خود کفالت کے اہداف تیار کرنا اور اہداف کو مکمل کرنا
6. صنعتی و تجارتی اداروں کے مالکان سے ملاقات کرکے انہیں دعوت اسلامی کی دینی سرگرمیوں کے اخراجات سے آگاہ کرنا۔
7. شخصیات سے ماہانہ عطیات لگوانا اور طے کردہ تاریخ پر عطیات وصول (Receive) کرنے کا مضبوط نظام بنانا۔
8. خود کفالت کا تمام ریکارڈز (اسٹاک رجسٹرڈ، شخصیات ریکارڈ رجسٹر، روزنامچہ) محفوظ کروانا اور ذمہ داران کے ذریعے ریکارڈ کے محفوظ اور اپڈیشن کا جائزہ لینا۔
9. دوکانوں، سُپر مارکیٹس، دفاتر، مارٹس، میڈیکل اسٹورز اور ریسٹورنٹس وغیرہ میں شعبہ عطیات بکس کے ذریعے عطیات بکسز رکھوانا اور ERP سافٹ ویئر میں اندراج کروانا۔
10. مُدرّسین، ناظمین، طلباء و دیگر عاشقانِ رسول کے گھروں میں صدقہ بکسز رکھوانا اور ہر ماہ ناظمین کے ذریعے صدقہ بکسز کھلوانا۔
11. جامعات المدینہ (Boys) کے ذمہ داران (مُدرّسین، ناظمین وغیرہ) کے ای رسید اکاؤنٹس بنوانا۔
12. جمع ہونے والے عطیات کی ای رسید بنانے اور فنانس ڈیپارٹمنٹ سے کلئیر کروانے کا مضبوط نظام بنانا۔
13. جامعات المدینہ (Boys) کو خود کفیل کرنے کیلئے جامعات کے قریب متعلقہ شعبے کے ذریعے لوہے کے بکسز (Iron Box) اور ڈونیشن کاؤنٹرز لگوانا۔
14. عاشقانِ رسول کو دعوتِ اسلامی کے شعبہ جات (جامعات المدینہ، مدارس المدینہ، فیضان آن لائن اکیڈمی اور دارالافتاء اہلسنت وغیرہ) کا وزٹ کروانا۔
15. شعبے کے جملہ امور کی تکمیل و ترقی کے لیے پلاننگ کرنا نیز اس کا شرعی و تنظیمی رہنمائی اور مشاورت کیساتھ نفاذ کرنا/کروانا۔
16. تنظیمی معلومات و اپڈیٹس سے آگاہ رہنا اور شعبے کے ایس او پیز (SOP's)، جاب ڈسکرپشنز (JD's) کا مطالعہ کرنا نیز کے پی آئیز (KPI's) سمجھنا/سمجھانا۔
17. اپنے ماتحت ذمہ داران کے ایچ آر (اجارہ) اور فنانس کے معاملات دیکھنا نیز شعبے سے متعلقہ موصول ہونے والی شکایات و تجاویز کو حل کرنا/کروانا۔
18. شعبے سے متعلقہ تمام ریکارڈ اپڈیٹ رکھنا/رکھوانا، طے شدہ کارکردگیاں وصول و چیک کرنا اور اپنے نگران کو درست اور بروقت پیش کرنا۔
19. ای میلز، واٹس ایپ، کالز، میسجز چیک کرنا اور بروقت ریپلائی کرنا نیز منصب کے مطابق نگران کی طرف سے ملنے والے کام بروقت مکمل کرنا/کروانا۔
20. شعبے میں شرعی رہنمائی کے لیے مقرر ذمہ دار کے ذریعے ماتحت افراد اور شعبے سے متعلق مسائل کی شرعی رہنمائی لینا۔

## منصب کی اہلیت - Job specification

- **دنیاوی تعلیم:** مڈل　　　**دینی تعلیم:** ناظرہ
- شعبے میں کم از کم 3 سال کا تجربہ
- People Management, Communication Skill, Adaptability & Flexibility, Leadership, Stress Management, Planning & Organization, Collaboration

## اپنی دنیا و آخرت کو بھتر کرنے اور دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول میں استقامت پانے کے لیے درج ذیل امور پر عمل کی کوشش فرمائیں۔

- روزانہ 2 گھنٹے 12 دینی کاموں بالخصوص قافلہ، مدنی مذاکرہ، نیک اعمال، ہفتہ وار اجتماع اور بڑی راتوں کے اجتماعات میں شرکت فرمائیں نیز ماتحتوں کو بھی ترغیب دلائیں۔
- سنت کے مطابق لباس، داڑھی، زلفیں اور سفید عمامہ وغیرہ اپنائیں۔
- اپنے متعلقہ فرض علوم سیکھیں اور اپنے تحت ذمہ داران کو اسکا ذہن دیں۔
- عاشقانِ رسول (شخصیات) کے بچوں کا جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دار المدینہ، فیضان آن لائن اکیڈمی اور فیضان اسلامک اسکول سسٹم میں داخلہ کروائیں۔
- غمی خوشی (عیادت، تعزیت، کفن دفن اور شادی وغیرہ) کے مواقع میں شرکت کریں نیز وقتاً فوقتاً علماء و مشائخ اور دنیاوی بااثر افراد سے ملاقات کریں۔
- مکتبۃ المدینہ کی طرف سے شائع کردہ امیر اہلسنت کی تصنیف شدہ نیز اسلامک ریسرچ سینٹر (المدینۃ العلمیہ) کی دیگر کتب و رسائل عاشقانِ رسول میں تقسیم کریں۔